تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October 10,2024

پریس ریلیز

رتن ٹاٹا کے سانحہ ارتحال پر جامعہ ملیہ اسلامیہ میں غم اور سوگواری ماحول

صنعت کی مایہ ناز ہستی جناب رتن ٹاٹا چیئر مین ایمیریٹیس ٹاٹا سنز کی رحلت پر جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ماتم اور سوگواری کا ماحول ہے۔

پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے صاحب بصیرت رہنما کے سانحہ ارتحال پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا ہے۔انھوں نے کہا کہ رتن ٹاٹا نے اپنے پیچھے ایک بے مثال انسانی وراثت یادگار چھوڑی ہے۔کارپوریٹ سے متعلق ان کی اخلاقیات اور انسانی فلاح کے تصور اور وژن نے لاکھوں ہندوستانیوں کی زندگیاں بدلی ہیں۔

یونیورسٹی کیمپس میں ٹاٹا کے پورے کنبے کے لیے گہری ہمدردی اور تعزیت کا ماحول رہا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی